الیکشن کمیشن آف پاکستان
شعبہ تعلقات عامہ
پریس ریلیز

مو رخہ 18 اگست 2020ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان ۔ پنجاب لوکل گورنمنٹ انتخابات کی تیاریوں کے متعلق اجلاس

الیکشن کمیشن آ ف پاکستان کا ایک اہم اجلاس چیف الیکشن کمشنرسکندر سلطان راجہ کی زیرصدارت الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ممبر ز الیکشن کمیشن ، سیکرٹری الیکشن کمیشن اور چیئرمین نادرا، الیکشن کمیشن اور نادرا کے دیگر افسران نے بھی شرکت کی ۔

اجلاس کے ایجنڈے میں پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2019 ،پنجاب ویلج پنچایت و نیبر ہوڈ کونسل ایکٹ 2019 اور پنجاب ویلج پنچائت و نیبر ہوڈ کونسل رولز 2020 کے تناظر میں انتخابی فہرستوں کی تیاری،الیکشن ایکٹ 2017 کی سیکشن 223 (3) کی روشنی میں حلقہ بندیوں کی ابتدائی اشاعت، ان پر اعتراضا ت اور آئندہ انتخابات کے لئِے انتخابی فہرستوں کی دستیابی شامل تھے ۔

الیکشن کمیشن نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ نادرا کے پاس جن 3 ملین افراد کا ڈیٹا موجود ہے اور وہ ووٹ درج کروانے کے اہل ہیں ان تما م افراد کے ووٹو ں کے اندراج کو یقینی بنایا جائے تاکہ تمام اہل افراد الیکشن میں حصہ لے سکیں اور اپنا حق رائے دہی بھی استعمال کر سکیں ۔ اس سلسلے میں الیکشن کمیشن نے اس بات کی منظوری دی ہے کہ اب انتخابی فہرستوں کی حتمی اشاعت مورخہ16ستمبر 2020 کی بجائے 4اکتوبر 2020ء کو ہوگی ۔

الیکشن کمیشن نے پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے مختلف اربن علاقہ جات کی حدودمیں تبدیلی اور مختلف دیہی علاقہ جات کی اربن حدود میں شمولیت کی وجہ سے حلقہ بندیوں کے شیڈول میں بھی تبدیلی کی ہے تاکہ حلقہ بندیوں کی اشاعت کے وقت تمام مذکورہ علاقہ جات کو درست ویلج اور نیبر ہوڈ کونسل میں شامل کیاجا سکے ۔ اور انتخابی فہرستوں کو ان علاقہ جات کے مطابق ترتیب دیا جا سکے تاکہ آئندہ انتخابات میں ووٹروں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔ اس سلسلے میں الیکشن کمیشن نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ حلقہ بندیوں کی ابتدائی اشاعت مورخہ 21اگست 2020 ء کی بجائے 18 ستمبر 2020ء کو ہوگی۔

****

DIRECTOR GENERAL
L.W.